PhD (Translation Studies)/E.T. /2021

دستخط نگران کار

# مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی

**Booklet Serial No.**

## پی ایچ ڈی (مطالعاتِ ترجمہ) انٹرنس ٹسٹ ـ 2021

## PhD (Translation Studies) Entrance Test - 2021

## Question Paper Booklet کتابچہ پرچۂ سوالات

وقت : دو گھنٹے

نمبرات : 100

Hall Ticket No.

OMR Serial No.

## اُمیدواروں کے لیے ہدایات

1. اوپر فراہم کی گئی جگہ پر امیدوار اپنا OMR اور ہال ٹکٹ نمبر لکھیں۔ اس کے علاوہ کتابچے میں کسی بھی صفحے پر ہال ٹکٹ نمبر، OMR نمبر یا اپنا نام نہ لکھیں۔
2. یہ پرچۂ سوالات کل 16 صفحات پر مشتمل ہے۔ آخر کے دو صفحات Rough Work کے لیے ہیں۔ اگر اس کتابچے میں صفحات کم ہوں یا اس کی ترتیب میں کوئی غلطی ہو تو جوابات لکھنے سے پہلے ہی نگران کار سے اسے تبدیل کروالیں۔
3. اس کتابچے میں جملہ 100 معروضی سوالات ہیں۔ ہر سوال کے نیچے 4 متبادل (A) (B) (C) (D) جوابات دیے گئے ہیں۔ سوال کے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے۔ پھر OMR جوابی بیاض میں اپنے منتخب کردہ جواب کے دائرے کو صرف Blue / Black Ballpoint Pen سے گہرا کیجیے۔
4. امیدوار کو نمبرات صرف OMR جوابی بیاض میں صحیح جواب دینے پر دیے جائیں گے۔ اگر اس کتابچے میں امیدوار نے جواب پر نشان لگایا ہو لیکن OMR میں دائرے کو گہرا نہ کیا ہو تو ایسی صورت میں امیدوار کو کوئی نمبر نہیں ملے گا۔
5. اگر ایک سے زیادہ دائروں کو گہرا کیا گیا ہو تو اُس سوال کے نمبر نہیں ملیں گے۔
6. غلط جواب پر کوئی Negative Marks نہیں ہے۔
7. انٹرنس ٹسٹ کے اختتام پر امیدوار کتابچہ پرچۂ سوالات اپنے ساتھ لیجاسکتے ہیں۔

☆☆☆

# حصہ اول (Part A)

## Research Methodology

1. مسئلہ کی نشاندہی اور اس کے حل کی منصوبہ بند تلاش کو کیا کہتے ہیں؟

(A) تجزیہ (B) تحقیق

(C) احصاء (D) تعارف

2. تحقیق میں متعلقہ موضوع کی موجود معلومات، موضوع کے ساتھ نظریات و تصورات کا اطلاق، اور موضوع سے متعلق اور قریب ترین موضوعات پر مطبوعہ تحریری مواد کے جائزے کو کیا کہتے ہیں..................

(A) طباعتی عمل (B) عمومی تجزیہ

(C) اطلاقی لسانیات (D) لٹریچر سروے

3. سوال نامہ ایک.............................. ہے

(A) تحقیق کا طریقہ (B) پیمائش کی تکنیک

(C) ڈیٹا جمع کرنے کا ذریعہ (D) ڈیٹا کے تجزیے کی تکنیک

4. انسائیکلوپیڈیا کیا ہے؟

(A) فہرست کتب (B) ڈائرکٹری

(C) وضاحتی معلومات کے حصول کا ایک موزوں ماخذ (D) صرف الفاظ و معنی کا مجموعہ

5. تحقیق کے عمل میں موضوع سے متعلق کانفرنس کی روداد کو.............................. دستاویزات سمجھا جاتا ہے

(A) روایتی (B) اولین

(C) ثانوی (D) تیسرے درجے کی

6. ایک تحقیقی مقالہ....................... کی بنیاد پر کی گئی تحقیق کی ایک اجمالی رپورٹ ہوتا ہے

(A) صرف اولین ڈیٹا (B) صرف ثانوی ڈیٹا

(C) اولین اور ثانوی ڈیٹا (D) ان میں سے کوئی

7. تحقیق کا کام وہی شخص کر سکتا ہے جو

(A) ریسرچ میتھڈولوجی پڑھ چکا ہو (B) پوسٹ گریجویشن کی ڈگری رکھتا ہو

(C) غور و فکر اور استدلال کی صلاحیت کا حامل ہو (D) محنت و مشقت کا عادی نہ ہو

8. کسی فوری مسئلے کو حل کرنے کے لیے شروع کی گئی تحقیق سے مراد

(A) طولی تحقیق (B) اطلاقی تحقیق

(C) عملی تحقیق(action research) (D) سطحی تحقیق

9. مسئلے کی نشاندہی یا موضوع کا تعین تحقیقی عمل کا۔۔۔۔۔۔مرحلہ ہے؟

(A) اولین (B) درمیانی

(C) آخری (D) عبوری

10. ایک محقق کو مواد کی تلاش، بالخصوص آن لائین تلاش کے دوران، محتاط رہنا چاہیے کیوں کہ.........................

(A) یہ پہلے سے استعمال ہو چکا ہے (B) عام طور پر مصنف کا نام موجود نہیں رہتا

(C) اس میں معلومات بہت ہی تازہ ترین ہوتی ہیں۔ (D) اس کے معیار اور سند کا علم نہیں ہوتا

11. تحقیق نتیجہ ہے

(A) انسانی اشتیاق وجستجو کا(Human curiosity) (B) انسانی ضروریات کا(Human Requirements)

(C) فطری واقعات کا(Natural Incidents) (D) انسانی خواہشات کا (Human Desires)

12. مندرجہ ذیل سبھی کیفیتی متغیر (Qualitative Variables) کی مثالیں ہیں، سوائے۔

(A) مذہب اور ذاتیں(Religion and Castes) (B) جنس(Sex)

(C) مشاہدہ(Observation) (D) مضمون سے دلچسپی(Interest of the Subject)

13. تحقیق میں ایک کلی طرز کا فروغ کیا ہے؟

(A) راست تحقیق (B) بین علومی تحقیق

(C) خالص تحقیق (D) اطلاقی تحقیق

14. تحقیق میں..................

(A) مقاصد کو سوالات کی شکل میں لکھا جاتا ہے (B) مقاصد کو بیانات کی شکل میں لکھا جاتا ہے

(C) مقاصد کو تحقیقی مقالہ کے باب اول میں لکھا جاتا ہے (D) A،B،C تینوں درست ہیں

15. تحقیق کے مقاصد اس تحقیق کی.............................کا اظہار ہوتے ہیں۔

(A) گہرائی (B) تحقیق کی شرطوں

(C) تحقیق پر ہونے والے کل اخراجات (D) تحقیق کی مدت

16. تحقیق کی درج ذیل زمرہ بندی کی جا سکتی ہے

(A) فلسفیانہ، تاریخی، سروے اور تجرباتی تحقیق (B) کمیتی و کیفیتی تحقیق

(C) بنیادی، اطلاقی اور عملی تحقیق (D) مذکورہ بالا تمام

17. درج ذیل میں کون سا 'طریقہ تحقیق' نہیں ہے

(A) مشاہدہ (B) تاریخی

(C) سروے (D) فلسفیانہ

18. کوئی تحقیقی موضوع اسی وقت قابل عمل ہوتا ہے جب.........................

(A) اس کی افادیت اور معنویت ہو (B) قابل تحقیق ہو

(C) نیا ہو اور موجود معلومات میں کچھ اضافہ کرنے والا ہو (D) مذکورہ بالا تمام

19. تحقیقی مقالہ میں کتابیات اس لیے دی جاتی ہے کہ

(A) اس سے محقق کی وسیع معلومات کا اظہار ہوتا ہے (B) مزید تحقیق کے لیے معاون ہوتی ہے

(C) اس سے محقق کی جستجو کا اندازہ ہوتا ہے (D) مذکورہ بالا تمام

20. ''کسی مخصوص میدان کے ماہرین ایک جگہ جمع ہوئے اور ایک نئے کورس کے لیے نصاب تیار کیا۔'' اس پورے عمل کو کیا کہا جائے گا۔

(A) سمینار (B) ورک شاپ

(C) کانفرنس (D) سمپوزیم

21. کوئی بھی تحقیق معروضیت (Objectivity) کی بنیاد پر.................سمجھی جاتی ہے

(A) نا قابل عمل (B) غیر اہم

(C) غیر معیاری (D) مستند

22. تحقیق کے موضوع کے انتخاب میں ۔۔۔۔۔کو اہمیت حاصل ہے

(A) محقق کی پسند (B) متعلقہ تحریری مواد کی دستیابی

(C) سماجی معنویت و افادیت (D) B, A اور C

23. درج ذیل میں سے تجرباتی (Impirical) تحقیق کون سی ہے؟

(A) تاریخی تجزیہ (Historical Analysis) (B) میدانی کام (Field work)

(C) اصطلاحی توضیحات (Terminological Descriptions) (D) سوانحی (Biographical)

24. زیر بحث مسائل کے درمیان جائز تعلق کی بنیاد پر..............................کیا جاتا ہے۔
(A) منطقی استدلال (B) جذباتی توضیحات
(C) علامتی زبان کا استعمال (D) لایعنی مباحث

25. منطقی پیش کش ایک ایسی صلاحیت ہے جس میں
(A) زبان اچھی ہوتی ہے (B) پیش کش مربوط ہوتی ہے
(C) مواد کو دوبارہ تحریر کیا جاسکتا ہے (D) اصطلاحات کی توضیح کی جاتی ہے

26. کوں سا تحقیقی نمونہ(Research Paradigm) حقیقت کے عملی نقطہ نظر(Pragmatic view of Reality) پر مبنی ہے
(A) مقدرای تحقیق(Quantitative Research) (B) معیاری تحقیق(Qualitative Research)
(C) مخلوط تحقیق(Mixed Research) (D) ان میں سے کوئی نہیں

27. اگر محقق کی سوچ.......................ہو تو وہ تنقیدی رویہ اپنا سکتا ہے
(A) تخیلاتی (B) تجزیاتی
(C) اپنے آپ کو مطمئن کرنے والی (D) تحقیقی

28. رویے، تصورات، مہارتیں اور معلومات..............................کا نتیجہ ہے۔
(A) اکتساب(Learning) (B) تحقیق(Research)
(C) وراثت(Heridity) (D) تفہیم و تشریح(Explanation)

29. معلوماتی(Information) اور ترسیلی(Communication) ٹکنالوجی میں درج ذیل شامل ہیں:
(A) آن لائین اکتساب (B) تعلیمی آلات کی مدد سے اکتساب
(C) ایپ پر مبنی اکتساب (D) مذکورہ بالا تمام

30. مخفف IFLA کا پھیلاو
(A) International Foundation of Linguistic Associations and Institutions
(B) International Federation of Linguistic Associations and Institutions
(C) International Foundation of Library Associations and Institutions
(D) International Federation of Library Associations and Institutions

31. درج ذیل میں کون سا بیان ای جرنلز(e-journals) کے متعلق صحیح نہیں ہے؟
(A) یہ ڈیجیٹل طریقوں سے تقسیم کیے جاتے ہیں (B) ان کے بھی مدیر اور ادارتی بورڈ ہوتے ہیں
(C) یہ سلسلہ وار شائع ہوتے ہیں (D) یہ ہمیشہ مفت میں ملتے ہیں

32. درج ذیل اسرچ انجنوں میں سے ایک کو خالص علمی و سائنسی معلومات (Scientific Information) کے حصول کے لیے تیار کیا گیا ہے

(A) گوگل(Google) (B) SCIRUS

(C) یاہو(Yahoo) (D) بنگ(Bing)

33. مخففINFLIBNET کا پھیلاو۔

(A) Information and Linguistic Network (B) Information and Literacy Network

(C) Information and Library Network (D) Information and Language Network

34. مندرجہ ذیل میں سے کون سی پیش کش "ترسیمی پیش کش" (Graphical Representation) نہیں ہے؟

(A) پائی چارٹ(Pie Chart) (B) بارچارٹ(Bar Chart)

(C) جدول(Table) (D) ہسٹوگرام(Histogram)

35. مندرجہ ذیل میں سے کون سا "ذہانتی ملکیت حق" (Intelectual Property Rights) کے تحت نہیں آتا ہے

(A) تھیسارس(Thesaurus) (B) کاپی رائٹ (Copy Rights)

(C) ٹریڈ مارکس (Trade Marks) (D) پیٹنٹ (Patent)

36. مجموعی ڈیٹا کمیونی کیشن نظام کو چلانے والے ضوابط کے مجموعے کو عام طور پر.............................کہا جاتا ہے

(A) پروٹوکول (Protocol) (B) اقرارنامہ (Agreement)

(C) معاہدہ (Pact) (D) یادداشت(Memorandum)

37. اگر آپ کے مشاہدہ میں یہ بات آئے کہ آپ کے تحقیقی موضوع سے ملتا جلتا کام کسی نے پہلے ہی شائع کر دیا ہے، تو آپ کیا کریں گے۔

(A) اس کام کو حوالے کے ساتھ اپنے مقالے میں شامل کریں گے (B) نظرانداز کردیں گے

(C) اپنا موضوع بدل دیں گے (D) حوالے کے بغیر استفادہ کرلیں گے

38. درج ذیل میں کون سا اسمی مخفف(Acronym) ہے؟

(A) UNESCO (B) UNO

(C) UNDP (D) UGC

39. فیڈ بیک (Feedback) کیا ہے؟

(A) طنزیہ خاکہ (B) مزاحیہ خاکہ

(C) وصول کنندہ کی جانب سے ارسال کنندہ کو بھیجا جانے والا ردعمل (D) ماخذ

40. بلاگ(Blog) سے مراد؟

(A) آن لائین موسیقی
(B) انٹرانیٹ
(C) آن لائین جرنل کی شکل میں شخصی یا ادارہ جاتی ویب سائٹ
(D) ایک شخصی یا ادارہ جاتی گوگل تلاش

41. کسی کمپیوٹر کے ہارڈ ویر اور سافٹ ویر کو منظّم کرنے والے پروگراموں کے مجموعے کو........................ کہتے ہیں۔

(A) کمپائیلر سسٹم
(B) آپریشن سسٹم
(C) آپریٹنگ سسٹم
(D) ان میں سے کوئی نہیں

42. اعلیٰ تعلیم میں نصاب کی تیاری کی آزادی سے مراد

(A) تعلیمی خود مختاری
(B) تعلیمی پالیسی سازی
(C) مالیہ کی فراہمی
(D) تعلیمی انتظامیہ

43. NAAC ........................ کی سرپرستی میں کام کرنے والا ایک خود مختار ادارہ ہے

(A) ICSSR
(B) CSIR
(C) AICTE
(D) UGC

44. یونیورسٹی گرانٹس کمیشن کی جانب سے ہندوستان کی اکثر یونیورسٹیوں کو........................ فراہم کیا جاتا ہے۔

(A) مشورے
(B) نصاب
(C) مالیہ
(D) ٹائم ٹیبل

45. مرکزی یونیورسٹی(Central University) کا کیمپس............................ ہوتا ہے

(A) علاقائی
(B) متصورہ(Deemed)
(C) رہائشی(Residential)
(D) مرکزی

46. دوہرے طرز تعلیم(Dual mode) کا مطلب؟

(A) دو کیمپس میں تعلیم کی فراہمی
(B) کیمپس میں راست اور فاصلاتی طرز پر تعلیم
(C) صرف فاصلاتی طرز پر تعلیم
(D) صرف کیمپس میں راست تعلیم

47. مخففNAAC کا مکمل؟

(A) National Award & Access Commission
(B) National Agreement & Accreditation Council
(C) National Assessment and Accreditation Commission
(D) National Assessment & Accreditation Council

48. نیشنل نالج کمیشن کی جانب 1500 نئی یونیورسٹیوں کے قیام کی سفارش کا مقصد

(A) تدریسی ملازمتوں میں اضافہ
(B) اعلیٰ تعلیم میں طلبا کے داخلوں میں اضافہ کو یقینی بنانا
(C) اعلیٰ تعلیم کے خانگی اداروں کی جگہ سرکاری اداروں کا قیام
(D) دیہی علاقوں سے شہری علاقوں کی جانب طلبا کی منتقلی

49. مرکزی جامعات (Central Universities) کے متعلق ذیل کے کون سے بیانات درست ہیں:

1. مرکزی یونیوسٹی پارلیمنٹ کے ایکٹ کے تحت قائم کی جاتی ہے۔
2. صدر جمہوریہ ہند یونیورسٹی کے وزیٹر ہوتے ہیں۔
3. صدر جمہوریہ کو یونیورسٹی کی ایگزیکیٹو کونسل یا مجلس انتظامی میں کچھ ارکان کی نامزدگی کا اختیار ہوتا ہے۔
4. صدر جمہوریہ ایگزیکیٹو کونسل یا کورٹ کے اجلاسوں کی صدارت کرتے ہیں۔

کوڈز:

(A) 1، 2 اور 4
(B) 1، 3 اور 4
(C) 1، 2 اور 3
(D) 1، 2، 3 اور 4

50. ہندوستان کی اکثر یونیورسٹیاں..............................

(A) صرف تدریس اور تحقیق کا اہتمام کرتی ہیں
(B) کالجوں کا الحاق کرتی ہیں اور امتحانات کا انعقاد کرتی ہیں
(C) تدریس/تحقیق اور امتحانات کا اہتمام کرتی ہیں
(D) صرف تحقیق کو فروغ دیتی ہیں

## حصہ دوم (Part B)
## Translation Studies

51. اردو میں سائنسی تراجم کے لیے معروف ادارہ دارالترجمہ شمس الامرا کہاں قائم تھا؟

(A) دہلی
(B) لکھنو
(C) حیدرآباد
(D) علی گڑھ

52. دہلی کالج کے زیر اہتمام مختلف سائنسی کتابوں کے تراجم شائع ہوئے اس کے تحت قائم شدہ ترجمے کے ادارے کا نام کیا تھا؟

(A) سررشتہ تالیف وترجمہ
(B) ورنیکلر ٹرانسلیشن سوسائٹی
(C) انجمن ترقی اردو
(D) ان میں کوئی نہیں

53. جامعہ عثمانیہ اردو کے ذریعے جدید مضامین کی اعلیٰ تعلیم فراہم کرنے والی پہلی یونیورسٹی تھی، اس جامعہ کا قیام کس سن میں ہوا؟

(A) 1817
(B) 1920
(C) 1917
(D) 1914

54. علمی تراجم میں اصطلاحات کی بڑی اہمیت ہوتی ہے، اصطلاحات کے موضوع پر اردو میں 'وضع اصطلاحات' نامی کتاب کس نے لکھی؟
(A) مولوی عبدالحق (B) مولانا ابوالکلام آزاد
(C) وحیدالدین سلیم (D) جمیل جالبی

55. انگریزی نظم Elegy written in the country churchyard کا 'گورغریباں' کے نام سے اردو ترجمہ کس نے کیا
(A) نظم طباطبائی (B) علامہ اقبال
(C) جوش ملیح آبادی (C) ان میں سے کوئی نہیں

56. ترجمے کے نظریات سے متعلق اولین مباحث قبل مسیح میں کن یونانی مفکروں کے ہاں ملتے ہیں۔
(A) سسرو اور ہوریس (B) سینٹ جیروم اور افلاطون
(C) مارٹن لوتھر اور روجر بیکن (D) ان میں سے کوئی نہیں

57. Pragmatics میں ............................کو اہمیت حاصل ہے۔
(A) سیاق (Context) (B) الفاظ کی تشکیل
(C) جملوں کی ترکیب (D) ان میں سے کوئی نہیں

58. ترجمے کے نظریات سے متعلق اے بی الصافی (A B Assafi) کی تصنیف کردہ کتاب کا نام
(A) "Translation Theories and basic theoratical issues"
(B) "Translation Theories and Strategies"
(C) "Translation Strategies and basic theoratical issues"
(D) "Translation Theories, Strategies and basic theoratical issues"

59. درج ذیل میں کون سی مہارت مترجم کے لئے لازمی نہیں ہے
(A) اصل زبان کا علم (B) موضوع سے مناسبت
(C) لسانیات میں مہارت (D) ہدفی زبان کا علم

60 نظریہ تخلیقی قواعد کس نے پیش کیا۔
(A) نوم چومسکی (B) جے سی کیٹ فورڈ
(C) تھیوڈر ساوری (C) مولوی عبدالحق

61. ادبی ترجمہ............................ :
(A) لفظی ہوتا ہے (B) سلیس اور بامحاورہ ہوتا ہے
(C) کا ثقافت سے کوئی تعلق نہیں ہوتا ہے (D) سیاسی تجزیہ نگاری پر مشتمل ہوتا ہے

62. کسی متن کے ایک سے زیادہ تراجم کے لئے کون سی اصطلاح استعمال ہوتی ہے

(A) ذوترجمہ(Bi Translation)
(B) ہم ترجمہ(Co Translation)
(C) کثیر ترجمہ(Multi Translation)
(D) مخلوط ترجمہ(Hybrid Translation)

63. سیاق (Context) کو کس نظریہ ترجمہ میں اہمیت حاصل؟

(A) ترجمہ کا مقصدی نظریہ
(B) نظریہ ثقافت میں
(C) حرکیاتی اور تفاعلی مماثلت میں
(D) نظریہ عملیت میں

64. ترجمہ کے میدان سے متعلق اتمار زہیر نے کون سا نظریہ پیش کیا؟

(A) لسانیاتی نظریہ
(B) نظریہ تمدن
(C) حرکیاتی اور تفاعلی مماثلت
(D) نظریہ عملیت

65. اصطلاحات کا مسائل کن تراجم کے ساتھ پیش آتا ہے؟

(A) ادبی تراجم
(B) صحافتی تراجم
(C) مذہبی تراجم
(D) علمی اور سائنسی تراجم

66. صرفیات(Morphology) میں مطالعہ کیا جاتا ہے

(A) آوازیں اور ان کے مخارج
(B) لفظوں کی تشکیل
(C) جملوں کی ترکیب
(D) الفاظ کے معنی

67 قانونی متن کے ترجمے کے لیے کون سا طریقہ استعمال کیا جاتا ہے؟

(A) بامحاورہ ترجمہ
(B) آزاد ترجمہ
(C) لفظی ترجمہ
(D) تخلیقی ترجمہ

68. مضمون 'گر ترجمے سے فائدہ اخفائے حال ہے' کس نے لکھا۔

(A) پروفیسر حسن عسکری
(B) مرزا احامد بیگ
(C) جمیل جالبی
(D) ان میں سے کوئی نہیں

69. 'فرہنگ اصطلاحات جامعہ عثمانیہ' کس نے مرتب کی۔

(A) شان الحق حقی
(B) جمیل جالبی
(C) پروفیسر خلیق انجم
(D) پروفیسر عبدالمجید بیدار

70. رباعیات عمر خیام کا انگریزی زبان میں ترجمہ کس نے کیا ہے؟

(A) اے آر نکلسن (B) اقبال

(C) جان ملٹن (D فٹز جیرالڈ

71. 'ترجمے سے متعلق علم' کے لیے Translation Studies کا نام 1972 میں کس اسکالر نے پیش کیا۔

(A) جیمس ایس ہومز (J.S.Holmes) (B) مونا بیکر

(C) جرمی منڈے (Jeremy Munday) (D) ان میں سے کوئی نہیں

72. اب تک کی تحقیق کے مطابق اردو کی پہلی ترجمہ شدہ کتاب

(A) روضۃ الشہدا (B) معراج العاشقین

(C) سب رس (D) تمہیدات ہمدانی

73. برطانوی دور حکومت میں ہندوستان کے تعزیری قوانین Indian Penal Code کا اردو ترجمہ کس نے کیا؟

(A) شبلی نعمانی (B) سر سید احمد خان

(C) مولوی نذیر احمد (D) محمد حسین آزاد

74. اردو زبان میں لسانیات کے موضوع پر تحریر کردہ کتاب 'ہندوستانی لسانیات' کے مصنف کون ہیں۔

(A) سید محی الدین قادری زور (B) حافظ محمود خان شیرانی

(C) مرزا خلیل احمد بیگ (D) نصیر الدین ہاشمی

75. اردو کے آغاز و ارتقا کے موضوع پر حافظ محمود خان شیرانی کی تصنیف کا نام........................ ہے۔

(A) مقدمہ تاریخ زبان اردو (B) پنجاب میں اردو

(C) آب حیات (D) داستان زبان اردو

76. CAT کا مکمل کیا ہے؟

(A) Controlled Auto Translation (B) Comparative Assembled Technique

(C) Computer Assisted Translation (D) Computer Auto Translation

77. گوگل ٹرانسلیٹر (Google Translator) مشینی ترجمہ کا کون سا نظام استعمال کرتا ہے

(A) اصول پر مبنی (B) اصول پر مبنی اور شماریاتی

(C) مثال پر مبنی (D) راست

78. مشینی ترجمہ کے میدان میں کارپس (Corpus) سے کیا مراد ہے؟

(A) بہت زیادہ معلومات (B) صاف ستھری معلومات

(C) مشین کے قابل مطالعہ مواد (D) مشین میں نہ جانے والا مواد

79. اردو۔ ہندی ٹرانس لٹریشن سافٹ ویر "ترجمہ کار" کس ادارے نے تیار کیا؟

(A) IIIT، حیدرآباد (B) C-DAC پونے

(C) C-DAC ،حیدرآباد (D) CIIL، میسور

80. ہندوستانی زبانوں سے ہندوستانی زبانوں میں مشینی ترجمے کے سافٹ ویر کا نام

(A) سسٹران (B) سمپرک

(C) الناکل (D) ان میں سے کوئی نہیں

81. سترھویں صدی میں اعداد اور علامتوں پر مبنی عالمی لغت کا تصور کس نے پیش کیا تھا؟

(A) رینے ڈیکارٹے (B) فل سائمنڈز

(C) ایچ۔ ڈبلیو۔ کیٹس (D) الیگزینڈر رسولومن

82. مشینی ترجمے میں اصل زبان کا متن ہدفی زبان میں کیسے منتقل ہوتا ہے؟

(A) برقی کی مدد سے (B) مقناطیسی میدان کی مدد سے

(C) سافٹ ویر کی مدد سے (D) ان میں سے کوئی نہیں

ذیل کی انگریزی اصطلاحات کے موزوں اردو متبادلات کی نشاندہی کیجیے

83. Electrode

(A) قطب (B) کشش

(C) برقیرہ (D) ان میں سے کوئی نہیں

84. Census

(A) موسم کا حال (B) موسمی پیش قیاسی

(C) موسم باراں (D) مردم شماری

85. Biophysics

(A) زندگی کی طبعیات (B) حیاتیاتی طبعیات

(C) مابعد الطبعیات (D) ان میں سے کوئی نہیں

.86 Energy Resources

(A) جدید توانائی (B) نئی قوت

(C) قابل تجدید توانائی (D) وسائل توانائی

.87 Astronomer

(A) ماہر پیمائش (B) میٹر کا ماہر

(C) ماہرِ فلکیات (D) ماہرِ موسمیات

.88 Adverb

(A) اضافی فعل (B) فعل امدادی

(C) خراب کام (D) ان میں سے کوئی نہیں

.89 Agriculture

(A) زراعت (B) باغبانی

(C) مرغبانی (D) ان میں سے کوئی نہیں

.90 Definition

(A) توثیق (B) تائید

(C) تعریف (D) تحریف

.91 Photosynthesis

(A) تصویری ترکیب (B) شعاعی ترکیب

(C) مصنوعی تصویر (D) ان میں سے کوئی نہیں

.92 Historical

(A) جدلیاتی (B) خطابی

(C) تاریخی (D) ان میں سے کوئی نہیں

درج ذیل اردو اصطلاحیں کن انگریزی اصطلاحوں کا متبادل ہیں، نشاندہی کیجئے۔

.93 طلاق

(A) Marriage (B) Divorce

(C) Breakage (D) Hate

.94 عالمی توازن

(A) Enveronmental System (B) Ecological Balance
(C) Universal Balance (D) ان میں سے کوئی نہیں

.95 فطرت

(A) Nature (B) Habit
(C) Instinct (D) ان میں سے کوئی نہیں

.96 صنفی تعصب

(A) Sexual Passion (B) Gender Sensitization
(C) Gender bias (D) ان میں سے کوئی نہیں

.97 غیرنامیاتی کیمیا

(A) Organic Chemistry (B) Name of Chemistry
(C) In Organic Chemistry (D) ان میں سے کوئی نہیں

.98 معاہدہ امن

(A) Breach of Peace (B) Breaking the Peace
(C) Contact of Peace (D) ان میں سے کوئی نہیں

.99 قیراط

(A) Tola (B) Milli Gram
(C) Carat (D) Quartz

.100 تعدد

(A) Frequency (B) Speed
(C) Velocity (D) Accelaration

☆☆☆

Rough Work

Rough Work